**08.01.2026**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ محمد عمار

**Music**

--------------------------------

☆ سومناتھ مندر پر پہلے حملے کے ایک ہزار سال پورے ہونے کے موقع پر گجرات کے ساحلی قصبے Prabhas Patan میں چار روزہ سومناتھ سوابھیمان پَرو شروع ہوگیا ہے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے پُر زور الفاظ میں کہا کہ بھارت کے تہذیبی عزم کی بدولت سومناتھ کو اکثر و بیشتر تعمیر کیا گیا۔ یہ پَرو ملک کے اُن بے شمار سپوتوں کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جنہوں نے اپنے اصولوں سے کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔

☆ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے چھ ریاستوں میں فرضی طور پر سرکاری کام دھندے فراہم کرنے کے سلسلے میں 15 جگہوں پر چھاپے مارے ہیں۔

☆ Morgan Stanley کے مطابق موجودہ مالی سال کے دوران بھارت کی معیشت سات اعشاریہ چھ فیصد کی شرح سے فروغ پائے گی، جو کہ سرکار کے سات اعشاریہ چار فیصد کے تخمینے سے زیادہ ہے۔

☆ امریکہ نے اقوامِ متحدہ کے کئی اداروں اور بین الاقوامی شمسی اتحاد سمیت 60 سے زیادہ عالمی تنظیموں سے خود کو الگ کرلیا ہے۔

☆ اور کوالالمپور میں ملیشیا اوپن بیڈمنٹن میں پی وی سندھو، خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔

-----------------------------------

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**SOMNATH SWABHIMAN PARV**

گجرات میں Prabhas Patan میں سومناتھ مندر پر پہلے حملے کے ایک ہزار سال پورے ہونے کے موقع پر

سومناتھ سوابھیمان پَرو شروع ہوگیا ہے۔ محمود غزنی نے 1026 میں سومناتھ مندر پر حملہ کیا تھا۔ اِس پَرو کے ساتھ ہی سومناتھ مندر کے افتتاح کے 75 سال بھی پورے ہورہے ہیں۔ چار روزہ تقریب کے دوران بھارت کی ثقافت اور متعدد روحانی، ثقافتی اور سماجی ہستیاں مندر کے احاطے میں شامل ہوں گی۔ اِس کے علاوہ، تین ہزار ڈرون کے ذریعے مندر کی تاریخ پیش کی جائے گی اور 243 مندروں میں لگاتار 72 گھنٹے کا Omkar Jap ہوگا اور ایک عظیم الشان شوریے یاترا نکالی جائے گی۔

سومناتھ سوابھیمان پَرو شروع ہونے پر وزیرِ اعظم نریندر مودی نے عوام کو مبارکباد دی ہے۔ انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ یہ پَرو ملک کے اُن بے شمار سپوتوں کو یاد کرنے کا موقع فراہم کرتا ہے، جنہوں نے اپنے اصولوں اور اقدار سے کبھی سمجھوتہ نہیں کیا۔ جناب مودی نے کہا کہ بعد کی صدیوں میں بار بار کے حملوں کے باوجود عقیدتمندوں کے غیرمتزلزل عقیدے اور بھارت کے تہذیبی عزم کی بدولت سومناتھ کو دوبارہ تعمیر کیا گیا۔ جناب مودی نے سومناتھ کے اپنے پہلے دوروں کی کچھ تصویریں بھی سوشل میڈیا پر جاری کی ہیں اور انہوں نے لوگوں پر زور دیا ہے کہ وہ #Somnath Swabhiman Parv کا استعمال کرتے ہوئے، اپنے تجربات اور احساسات کا اظہار کریں۔x

## ED-SEARCHES GOVT JOB SCAM

انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ نے ملک بھر میں سرگرم ایک منظّم گروہ کے خلاف چھاپہ مار کارروائی کی ہے، جو سرکاری ملازمت دینے کے نام پر جعل سازی کرتا ہے۔ خبروں کے مطابق چھ ریاستوں کے 13 شہروں میں 15 جگہوں پر یہ چھاپے مارے جارہے ہیں۔ اِن میں بہار میں مظفر پور اور موتیہاری، بنگال میں کولکاتہ، کیرالہ میں ارنا کولم، پنڈالم، اَڈور اور کڈور شامل ہیں۔ اِن کے علاوہ گجرات اور اترپردیش میں بھی کئی شہروں میں چھاپے کی کارروائی جاری ہے۔ انفورسمنٹ ڈائریکٹوریٹ کا کہنا ہے کہ ابتداء میں بھارتی ریلوے کے نام پر یہ جعل سازی کی جارہی تھی۔ بعد میں تفتیش کے دوران پتہ چلا کہ 40 دوسرے سرکاری اداروں اور محکموں کے نام پر بھی یہ دھوکہ دہی کی جارہی ہے۔ x

## DGP-MORGAN STANLEY

بھارت کی اقتصادی ترقی، اعداد وشمار کے قومی دفتر NSO کے پہلے پیشگی تخمینے سے زیادہ رہنے کا امکان ہے۔ اس کی وجہ پچھلے سال ستمبر سے بہتر اقتصادی اعداد وشمار اور مثبت پالیسی ہے۔ Morgan Stanley نے مالی سال 2026 کیلئے مجموعی گھریلو پیداوار کی شرح ترقی 7 اعشاریہ چھ فیصد رہنے کا اندازہ لگایا ہے، جو کہ NSO کے پہلے پیشگی تخمینہ 7 اعشاریہ چار فیصد سے زیادہ ہے۔ مالی اور مالیاتی پالیسی، قوت خرید میں اضافہ اور لیبر مارکیٹ کے مثبت رجحان کے مشترکہ اثرات سے صرفہ میں مزید اضافہ ہونے کی توقع ہے۔ NSO کے اعداد وشمار پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ بھارت کی ریفارم ایکسپریس مسلسل رفتار پکڑ رہی ہے۔

انہوں نے کہا کہ ترقی کا منظر نامہ NDA حکومت کی مسلسل سرمایہ کاری اور مانگ پر مبنی پالیسی اقدامات سے تقویت حاصل کررہا ہے۔ آکاشوانی سے خصوصی بات کرتے ہوئے ماہر اقتصادیات Deepshikha Sikarwar نے اُجاگر کیا کہ GDP کی بہتر کارکردگی پائیدار گھریلو مانگ، بہتر سرمایہ اخراجات اور معیشت کے اہم شعبوں میں استحکام کو ظاہر کرتی ہے۔

**S/B Deepshikha Sikarwar**

## VIKSIT BHARAT

کل نئی دلّی کے بھارت منڈپم میں 2026 کے وکست بھارت ینگ لیڈر مذاکرات ہوں گے۔ مذاکرات کا یہ سلسلہ چار دن جاری رہے گا۔ نوجوانوں کے امور اور کھیل کود کے محکمے کے وزیر ڈاکٹر منسکھ مانڈویا نے کہا کہ ملک بھر کے نوجوان رہنما، وزیر اعظم نریندر مودی کے سامنے وکست بھارت کے موضوع پر اپنے خیالات اور نظریات پیش کریں گے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ یہ مذاکرات ملک کی یووا شکتی کو حقیقی چیلنجوں سے نمٹنے اور مل جل کر بھارت کا مستقبل بنانے کیلئے آگے آگے رہنے کی صلاحیت پیدا کریں گے۔

**SB - 1415 - Mansukh Mandaviya**

## DELHI POLICE-FOREIGN NATIONALS

دلّی پولیس نے 548 غیر ملکی باشندوں کی شناخت کی ہے، جو قومی راجدھانی میں پچھلے ایک سال سے جائز ویزا کے بغیر غیر قانونی طور پر رہ رہے تھے۔ آؤٹر ڈسٹرکٹ کے پولیس کمشنر سچن شرما نے بتایا کہ ان غیر ملکیوں کو پکڑے جانے کے بعد غیر ملکیوں کے اندراج سے متعلق علاقائی دفتر کے سامنے پیش کیا گیا ، جہاں سے انہیں ملک بدر کرنے کے طریقۂ کار کے مطابق حراستی مرکز بھیج دیا گیا۔ ان میں سے 380 افراد کا تعلق بنگلہ دیش سے، 111 کا تعلق نائیجیریا سے اور 13 کا تعلق گھانا سے ہے۔×

## J&K OPERATION

جموں و کشمیر کے کٹھوعہ ضلع کے جنگلاتی علاقے میں چھپے ہوئے دہشت گردوں کا پتہ لگانے کیلئے سکیورٹی فورسز نے آج صبح تلاش کی کارروائی پھر شروع کی، جس میں ایک سکیورٹی اہلکار زخمی ہو گیا۔ جموں کشمیر پولیس کے خصوصی کارروائی گروپ اور دیگر فورسز کی مشترکہ کارروائی Billawar علاقے کے Kahog گاؤں میں کل شام شروع ہوئی، جس کے بعد تصادم ہوا۔ رات میں محاصرہ کرنے کے بعد اضافی فورسز اور فضائی نگرانی کے ساتھ علاقے میں تلاش کی کارروائی پھر شروع کی

گئی۔ یہ کارروائی Dhanu Parole-Kamadh Nallah علاقے میں کی گئی۔ جموں زون کے انسپکٹر جنرل پولیس Bhim Sen Tuti نے بتایا کہ SOG اور CRPF کی ٹیمیں دشوار گزار کھائیوں کے باوجود دہشت گردوں سے نمٹ رہی ہیں۔ خبروں میں کہا گیا ہے کہ تین دہشت گرد گروپوں کو دراندازی کی نقل و حرکت کرتے ہوئے دیکھا گیا۔x

**INDIAN ARMY-HDFC**

بھارتی فوج اور HDFC بینک نے فوجی اہلکاروں کو بینکنگ خدمات اور ذاتی حادثاتی بیمہ کوریج فراہم کرنے کیلئے اپنے مفاہمت نامے کی مدت میں مزید تین سال کی توسیع کردی ہے۔ اس کا اطلاق اب 2029 تک ہوگا۔ اس مفاہمت نامے کے تحت اگنی ویر اور پنشن یافتگان سمیت موجودہ تمام فوجی اہلکاروں کیلئے ایک کروڑ روپے کا ذاتی حادثاتی بیمہ کوریج اور ایک کروڑ روپے کا فضائی حادثاتی بیمہ کوریج فراہم کیا جاتا ہے۔x

**FOOD PRESERVATIVES SUTDY**

وہ افراد، جو صنعتی طور پر ڈبہ بند غذائی اشیاء اور مشروبات زیادہ مقدار میں استعمال کرتے ہیں اور جن میں کیمیکلز شامل ہوتے ہیں، انہیں کینسر کے زیادہ خطرے کا سامنا ہوسکتا ہے۔ یہ بات برٹش میڈیکل جرنل میں شائع ہونے والے ایک تحقیقاتی مطالعے میں سامنے آئی ہے۔ محققین کے مطابق عام طور پر استعمال ہونے والے کئی کیمیکلز خصوصاً غیر Antioxidants، جیسے پوٹیشیم Sorbate، پوٹیشیم Metabisulfite، سوڈیم نائٹریٹ اور ایسیٹک ایسڈ کی زیادہ مقدار کا استعمال، کم یا بالکل استعمال نہ کرنے والوں کے مقابلے میں کینسر کے بڑھتے ہوئے خطرے سے منسلک پایا گیا ہے۔x

**US-WITHDRAWAL**

امریکہ نے اقوام متحدہ کے اداروں اور بھارت-فرانس کی قیادت میں قائم بین الاقوامی شمسی اتحاد سمیت 60 سے زیادہ بین الاقوامی تنظیموں سے علیحدگی اختیار کرلی ہے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کل ایک میمورنڈم پر دستخط کئے، جس کا عنوان تھا، امریکہ کے مفادات کے منافی بین الاقوامی تنظیموں، کنونشنز اور سمجھوتوں سے امریکہ کی دستبرداری۔ میمورنڈم پر دستخط کرنے کے بعد صدر ٹرمپ نے کہا کہ انہوں نے یہ فیصلہ کیا ہے کہ اقوام متحدہ اور غیر اقوام متحدہ کی 66 تنظیموں کا رُکن رہنا، اُن میں شرکت کرنا یا کسی بھی صورت میں اُن کی معاونت کرنا امریکہ کے مفادات کے خلاف ہے۔ صدر ٹرمپ نے تمام وفاقی محکموں اور اداروں کو ہدایت دی کہ وہ فوری طور پر ان تنظیموں سے امریکہ کی علیحدگی کے عمل کو جلد از جلد نافذ کریں۔

انہوں نے مزید کہا کہ اقوام متحدہ کے اداروں کے معاملے میں علیحدگی کا مطلب یہ ہے کہ قانون کے دائرے میں رہتے ہوئے اِن اداروں میں شرکت اور اُن کی فنڈنگ بند کردی جائے گی۔ اِن اداروں کی فہرست میں 35 غیر اقوام متحدہ تنظیمیں اور

31 اقوام متحدہ کے ادارے شامل ہیں، جن میں آب وہوا کی تبدیلی سے متعلق بین حکومتی پینل IPCC، بین الاقوامی شمسی اتحاد، یوکرین میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی سینٹر اور اقوام متحدہ کا محکمہ برائے اقتصادی وسماجی اُمور بھی شامل ہیں۔×

**BANGLADESH-BNP**

بنگلہ دیش نیشنلسٹ پارٹی سے وابستہ تنظیم کے ایک سینئر لیڈر کو کل رات ڈھاکہ کے تیج گاؤں علاقے میں گولی مار کر ہلاک اور ایک شخص کو زخمی کردیا گیا۔ اس سے ملک میں امن وامان کی خراب صورتحال ظاہر ہوتی ہے۔ اس واقعے کے سبب بڑے پیمانے پر احتجاج ہوئے ہیں۔ فوری طور پر بڑی تعداد میں پولیس اور فوجی اہلکار تعینات کئے گئے ہیں۔×

**ISRAEL AIRSTRIKE GAZA**

غزہ میں کل اسرائیل کے فضائی حملے میں دو فلسطینی ہلاک اور کئی دیگر زخمی ہوگئے۔ اسرائیلی فوج کے مطابق یہ حملہ حماس کے ایک ملیٹینٹ کے خلاف جوابی کارروائی کے دور پر کیا گیا۔ فوج نے کہا کہ یہ حملہ اسرائیلی فوجیوں پر حماس کے ملی ٹینٹوں کی جانب سے فائرنگ کے جواب میں کیا گیا اور اس میں حماس کے ایک سینئر ممبر کو نشانہ بنایا گیا، جو اسرائیلی افواج پر حملوں کا ذمہ دار تھا۔ البتہ اسرائیلی فوج نے یہ نہیں بتایا کہ آیا کہ کوئی اسرائیلی فوجی زخمی ہوا یا نہیں۔ حماس کی جانب سے فوری طور پر کوئی ردِّعمل سامنے نہیں آیا ہے۔×

**NEPAL ASSEMBLY NOMINATION**

نیپال کے انتخابی کمیشن نے 25 جنوری کو 19 نشستوں کیلئے قومی آسمبلی کے انتخابات کیلئے 44 امیدواروں کی فہرست جاری کردی ہے۔ امیدواروں پر اعتراضات آج داخل کئے جاسکتے ہیں۔ کاغذات نامزدگی اور موصول ہونے والی شکایات کا جائزہ لیا جائے گا اور امیدواروں کی حتمی فہرست ہفتے کے روز شائع کی جائے گی۔×

**BADMINTON MALAYSIA OPEN**

پی وی سندھو کوالالمپور میں ملیشیا اوپن بیڈمنٹن میں خواتین کے سنگلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہیں۔ انہوں نے آج صرف 32 منٹ میں آٹھویں درجے کی کھلاڑی جاپان کی Tomoko Miyazaki کو اکیس-آٹھ، اکیس-تیرہ سے ہرایا۔ سندھو اِس ٹورنامنٹ میں چوتھی بار کوارٹر فائنل میں پہنچی ہیں۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆